بس میرے لئے خاص ہو تم۔۔۔۔رحیم

اووا واچھا میں نے تم سے کچھ کہنا تھا۔۔۔۔شہزادی نے گھبرا کر کہا

گوڈ نیوز بچوں کل پرنسپل صاحب اپ سب کو گڈ بائے ٹوور پر لے جائے گے پلیز کل سب آنا ۔۔۔۔۔ ٹیچر نے ایک بلند آواز میں کہا

یہ سن کر سب بہت خوش ہوئے

اچھا بتاؤ نا کیا کہنا تھا۔۔۔رحیم

کل ٹوور کے لیے آؤ کل بتادونگی وعدہ۔۔۔شہزادی

اوکے کل ملینگے بائے۔۔۔۔ رحیم

اوکے بائے۔۔۔۔ شہزادی

شہزادی نے اب سوچ لیا تھا کہ کل ٹوور میں رحیم کو اپنے محبت کا اظہار کرونگی۔۔۔۔

ہائے شہزادی وہ کتنا پیارا لگتا ہے جب مسکراتا ہے۔۔۔شہزادی شیشے کے سامنے رحیم کی یاد میں کھڑی تھی

شہزادی کا بس چلتا تو وہ اج ہی رحیم کے پاس جا کر اپنے محبت کا اظہار کرتی۔۔۔شہزادی سے کل تک انتظار نہیں ہو رہا تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہزادی بیٹی تم سے ایک ضروری بات کرنی تھی تمہارے زندگی کے سلسلے میں۔۔۔ باہر سے پاپا کی آواز آئی۔۔۔۔

یار پتا نہیں میں کیوں اسے اپنے محبت کا اظہار نہیں کر پاتا۔۔۔رحیم گھر میں سب لوگوں سے اکیلا بیٹھے شہزادی کی دی ہوئی رینگ سے بات کر رہا تھا۔

مجھ سے بڑا ڈرپوک کوی نہیں ہوگا یار پیار کیا ہے کوی جرم تو نہیں جو اتنا ڈرتا ہوں میں۔۔۔۔رحیم خود کو سنا رہا تھا

بس اب بہت ہوا کل لاسٹ چانس ہے اگر میں کل بھی اسے نا بتا سکا تو میرے لیئے یہ شرم کا مقام ہوگا۔۔۔

پوری رات رحیم گھڑی کو دیکھ رہا تھا کہ کب صبح ہوگی۔۔۔۔۔

اور آخر کار صبح ہو گئ۔

ماما اج میں کچھ بہت اہم کام کرنے جارہا ہوں پلیز دعا کرنا۔۔۔رحیم نے ماما سے کہا

اوکے میری جان جاؤ۔۔۔۔ماما نے پیار سے کہا

رحیم سکول کی طرف جارہا تھا کہ اچانک ایک کار اسکے ساتھ ہلکا سا ٹکرایا رحیم کو معمولی سی چوٹ آئ مگر اللہ نے بچھالیا۔۔۔ سکول کی خوشی میں رحیم نے اس چوٹی سی چوٹ کو نظرانداز کیا

پتا نہیں کس کی نظر لگی صبح صبح۔۔۔۔رحیم نے آسمان کی طرف دیکھ کر کہا۔

سکول پہنچا تو جلدی سے نورین کے پاس گیا

شہزادی کہاں ہے ؟۔۔۔۔رحیم بے چینی سے پوچھنے لگا

شہزادی ابھی تک نہیں آئ اور تمہارے ہاتھ پر چوٹ کیسی لگی۔۔۔نورین نے حیران ہو کر پوچھا۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ نہیں یار۔۔جب شہزادی آجائے تو اسے کہنا کہ میں ڈھونڈ رہا تھا اسکو۔۔۔رحیم جانے لگا

اوکے۔۔۔۔۔نورین

رحیم بے چینی سے شہزادی کا انتظار کر رہا تھا کبھی بیٹھ جاتا کبھی اٹھ جاتا۔۔۔

پتا نہیں اج مرا دل بہت گھبرا رہا ہے انیس تم جا کر میم سے کہو کہ شہزادی کے گھر کال کریں کہ وہ گھر سے نکلی ہے کہ نہیں۔۔۔۔۔رحیم انیس سے

ارے یار آجائے گی ٹنشن نا لو۔۔انیس رحیم کو سمجھاتے ہوئے

رحیم کی نظر سامنے سکول کے گیٹ پر پڑی اور شہزادی کو آتے ہوئے دیکھ کر بہت خوش ہوا۔۔۔۔

شہزادی نے دور سے ہاتھ ہلاتے ہوئے ہائے کہا اور رحیم نے بھی جواب میں ہاتھ ہلایا۔۔۔۔

سب لوگ گاڑی میں بیٹھ گئے اور سمندر کے کنارے پکنک کے لیے روانہ ہوئے۔۔۔۔

رحیم بار بار پیچھے مڑ کر شہزادی کو دیکھ رہا تھا اور شہزادی مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

کچھ دو گھنٹے کے بعد سمندر کے کنارے پہنچ گئے اور سب گاڑی سے اتر کر تصاویر لینے لگے۔۔۔

اوے ہیرو میری ایک تصویر کھینچ لو واٹسپ کے لئے۔۔۔شہزادی نے رحیم کو اپنا موبائل دیتے ہوئے کہا

جی کیوں نہیں۔۔۔رحیم نے موبائل لے کر شہزادی کو کہا

تصویر کھینچ کر رحیم تصویر کو زوم کر کہ دیکھ رہا تھا۔

اوے کیا زوم کر کر کہ دیکھ رہے ہو دے دو فون۔۔۔شہزادی نے رحیم کو غصے میں کہا

ارے یار کچھ نہیں ایسے ہی دیکھ رہا تھا کہ موبائل کا کیمرا اچھا ہے کہ نہیں۔۔۔۔رحیم چالاکی سے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلوسب کھانا کھانے جلدی کروسب کچھ تیار ہے۔۔۔پرنسپل نے اونچی آواز میں کہا

سب بیٹھ گئے مگر شہزادی رحیم کی بیٹھنے کاانتظار کر رہی تھی۔۔۔رحیم ایک طرف سب سے الگ جا کر بیٹھ گیا

تاکہ اسے کچھ سوچنے کا موقع مل جائے۔۔۔

مجھے آپکے ساتھ بیٹھنا ہے۔۔۔شہزادی نے ضد کرتے ہوئے کہا

میں نا کہو تو چلی جائے گی اپ۔۔۔رحیم نے اوپر دیکھے بغیر جواب دیا

نہیں تم کچھ بھی کہو میں نے بیٹھنا ہے۔۔۔۔شہزادی

تو پھر پوچھنے کی کیا ضرورت ہے بیٹھ جاؤ۔۔۔۔رحیم مسکرا کر بولا

اور مجھے آپکے ساتھ ہی کھانا ہے الگ پلیٹ میں نہیں۔۔۔۔شہزادی مزید ضد کرتی ہوئی۔۔۔

بہت رومینٹک ہو رہی ہو کیا ہوا ہے۔۔۔۔رحیم نے حیران ہو کر پوچھا

کچھ نہیں آپکے ساتھ کھانا نہیں کھا سکتی کیا۔۔۔۔شہزادی ناراض ہو کر

چلو یار کھالیں اپ میرے ساتھ۔۔۔رحیم مناتے ہوئے۔۔۔۔

--

دونوں ساتھ ساتھ کھانا کھاتے ہوئے بہت پیارے لگ رہے تھے۔۔۔۔

تمھیں پتہ ہے تم بہت زیادہ ہینڈسم ہو۔۔۔شہزادی پیار سے

اور تم بھی تو بہت خوبصورت ہو۔۔۔۔رحیم شرماتے ہوئے۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہزادی نے اچانک کھانا چھوڑ دیا جب رحیم نے وجہ پوچھی تو کہنے لگی کہ اسکے ہاتھ میں درد ہو رہا ہے۔۔۔۔ ڈرامہ کر رہی تھی تاکہ رحیم کے ہاتھوں سے کھانا کھائے اور اس ڈرامے میں کامیاب بھی ہوگئی کیونکہ رحیم اسے اپنے ہاتھوں سے کھانا کھلا رہا تھا اور شہزادی بڑے مزے سے کھا رہی تھی اور بہت خوش تھی۔۔۔۔

رحیم کے دوسرے ہاتھ کو جب شہزادی نے دیکھا تو اس پر خون جم گیا تھا مگر پھر بھی رحیم شہزادی کو ایک ہاتھ سے کھانا کھلا رہا تھا یہ سب دیکھ کر شہزادی کو بہت حیرت ہوئی کہ اتنے تکلیف کے باوجود یہ مجھے ایک ہاتھ سے کھانا کھلا رہا ہے۔۔۔

اوے یہ ہاتھ کو کیا ہوا؟۔۔۔شہزادی حیران ہو کر۔

کچھ نہیں یار صبح صبح سکول آتے ہوئے ایک گاڑی کے ساتھ ٹکرا گیا تھا۔۔۔رحیم اپنے زخمی ہاتھ کو دیکھتے ہوئے۔

ارے تو پاگل اس کے باوجود تم مجھے کھانا کھلا رہے ہو چلو اب میں کھلا رہی ہوں۔۔۔شہزادی نے دوبارہ ضد کرتے ہوئے

نہیں یار میں کھالونگا۔۔۔رحیم شرماتے ہوئے

شٹ اپ۔۔۔چلو منہ کھولنا۔۔۔شہزادی غصے میں

رحیم چپ چاپ شہزادی کے ہاتھوں سے کھانا کھاتا رہا۔

رحیم شہزادی کو دیکھتا رہا کہ اوپر والا بھی اج مجھ پر مہربان ہے۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایسے کیا دیکھ رہے ہو۔۔۔۔شہزادی نے شرماتے ہوئے کہا

کچھ نہیں ویسے اج بہت پیاری لگ رہی ہو۔۔۔۔رحیم رومینٹک ہو کر۔

سچی۔۔۔۔۔شہزادی شرماتے ہوئے۔

مچی۔۔۔۔رحیم مزید پیار سے۔

ویسے اپ بھی پیارے لگ رہے ہو۔۔۔شہزادی نے یہ کہا اور سر جھکالیا۔

چل جھوٹی۔۔۔۔رحیم شہزادی کی ٹانگ کھینچتے ہوئے۔۔۔۔

ایک بات کہوں۔پلیز ہمیشہ اسے مسکرا کر رہا کرو۔۔۔شہزادی کا موڈ بدل گیا

ایسے کیوں۔۔۔رحیم

کیونکہ اج کے بعد تو ہماری ملاقات نہیں ہوگی مگر میں نہیں چاہتی کہ تم کبھی رو۔۔۔شہزادی کے آنکھوں سے آنسو نکل آئے۔

پاگل رولا دیا مجھے، کبھی تو ملاقات ہوگی۔۔۔رحیم کے آنکھوں سے بھی آنسو نکل آئے

نہیں کبھی نہیں۔۔۔۔شہزادی سسکیاں لینے لگی۔۔۔

کیوں یار میں اتنا برا ہوں کہ تم مجھ سے ایک ملاقات بھی نہیں کروگی۔۔۔رحیم اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے۔

نہیں پاپا نے کل کہا کہ اگلے سال میرے ماموں کا بیٹا دوبئ سے آنے والا ہے اور میری منگنی ہو جائے گی اسکے ساتھ۔۔۔شہزادی کے گلے سے بہت مشکل سے آواز نکلا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

واااااااٹ، یہ کب ہوا!۔۔۔رحیم کے ہوش اڑتے ہوئے۔

مجھے بھی کل پاپانے بتایامیں انکار اس لئے نہیں کرپائی کیونکہ پاپانے میرے لئے بہت قربانیاں دی ہیں اور اگر اج میں انکار کرلیتی توپاپاٹوٹ جاتے۔۔۔شہزادی کی آواز سسکیوں میں شامل۔

تمہیں پتہ ہے اج میں تم سے ایک ضروری بات کرنے والا تھا۔۔۔۔رحیم مایوسی میں

ہاں مجھے پتاہے کہ تم مجھ سے کیا کہنے والے تھے مگر پلیز مت کہنا کیونکہ

کیونکہ میں نا تمہیں انکار کرسکتی ہوں ناپاپا کو۔۔۔شہزادی رحیم کو روتے ہوئے سمجھارہی تھی۔

رحیم کی رگوں میں ایک دم سے جیسے آگ دوڑنے لگاہو۔

ہر طرف جیسے ماتم منایاجارہاہو۔

نارحیم کے منہ سے کچھ نکل رہاتھااور ناشہزادی کے منہ سے کچھ نکل رہاتھا۔

:اچانک سے پرنسپل صاحب کی آواز سنائی دی: چلو بچو جانے کاوقت ہو گیا جلدی کرو واپس جاناہے

اس آواز نے دونوں کو جیسے گہرے نیند سے جگادیاہو۔دونوں کے آنکھوں میں ابھی تک آنسو تھے۔

رحیم تم مجھ سے وعدہ کرو کہ تم کبھی بھی اس بات کو لیکر نہیں روگے۔۔شہزادی نے رحیم سے وعدے کے نام پر درد مانگا۔

یاراب یہ کیابات ہوئی۔۔۔رحیم درد کو اپنے پاس رکھنے پر خوشی ظاہر کررہاتھا۔

تمہیں میری قسم وعدہ کرو۔۔شہزادی نے رحیم کو مشکل میں ڈال دیا۔

اوکے وعدہ ہے لیکن تیری یاد آئیگی تو میں کیا کرونگا۔۔۔رحیم جیسے زندگی کی بازی ہار گیا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس رونا مت۔ اگر تم چاہتے ہو کہ میں خوش رہوں تو تمہیں بھی خوش رہنا ہو گا۔۔۔شہزادی اپنے آپ کو سنبھالتی ہوئی۔

چلو تیرے لئے یہ بھی کرونگا لیکن تم بھی مجھ سے وعدہ کرو کہ اگر زندگی میں کبھی کسی چیز کی ضرورت ہو یا کوئی مصیبت ہو تو تم مجھے بتاوگی۔۔۔رحیم کے آنکھوں سے آنسو نکل آئے۔

اوکے وعدہ۔۔۔شہزادی نے آنکھوں میں آنسو کے ساتھ مسکرا کر کہا۔

م م م م میری زندگی میں تم پہلی اور آخری ل ل ل لڑکی ہوگی تیرے بعد میں نا تو محبت کرونگا نا ہی دوستی کسی لڑکی کے ساتھ۔۔۔رحیم مشکل سے بول پایا۔

نا کرا ایسا تجھے مجھ سے اچھی لڑکی ملے گی۔۔۔شہزادی رحیم کو حوصلہ دیتے ہوئے۔

قسم تیری اگر جنت سے بھی کوئی لڑکی آئے میں نے اب دوبارہ محبت نہیں کرنا میری محبت پر صرف تیرا ہی حق تھا ہے اور رہے گا۔۔۔رحیم نے بڑے الفاظ کہہ دیئے۔

یہ الفاظ کہتے ہی رحیم کے آنسو دوبارہ نکلنے لگے اور آنسو کو چھپانے کے لئے رحیم مڑا اور گاڑی کی طرف چلنے لگا اپنے ہونٹوں کو دانتوں مو دباتے ہوئے۔

شہزادی ایک بار پھر ٹوٹ کر رونے لگی۔۔۔۔

رحیم اور شہزادی کی جدائی میں جیسے سارا ماحول رونے لگا ہو۔ ہر طرف خاموشی تھی۔

رحیم گھر پہنچ کر سیدھا اپنے روم میں چلا گیا اور جا کر اپنے سر کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر بیٹھ گیا۔

امی نے جب رحیم کی یہ حالت دیکھی تو اسکے پیچھے پیچھے اسکے روم میں گئ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیٹارحیم کیاہوا۔۔ماں نے حیران ہو کر پوچھا

کچھ نہیں ماما سر میں درد ہو رہا ہے۔۔۔رحیم نے آنسو چھپاتے ہوئے کہا۔

آرام کر لو بیٹا ٹھیک ہو جائے گا۔۔امی نے پیار سے کہا۔

جی۔۔۔۔رحیم

امی حیران ہو کر کمرے سے باہر جانے لگی تھی کہ رحیم نے پھر کہا۔۔امی باہر سے دروازے کو بند کر دیں پلیز۔۔۔

اوکے۔۔۔۔امی۔

دوپہر سے شام ہو گئی مگر رحیم ابھی تک کمرے میں بند تھا۔

امی نے بے چینی سے گھڑی کی طرف دیکھا تو معلوم ہوا کہ 8 بجے ہے۔

امی کی ممتا پھر سے امی کو رحیم کے کمرے میں لے گئ۔

بیٹا ٹھیک ہو گیا سر درد یا نہیں؟۔۔۔امی نے رحیم کے سر پر ہاتھ پھیر کر پوچھا۔

جی امی لیکن مجھے نیند آرہی ہے۔۔۔۔رحیم بغیر انکھ کھولے جواب دینے لگا۔

لیکن بیٹا کچھ کھالو پھر سو جانا۔۔۔امی بے چینی سے۔

امی کچھ نہیں کھانا ابھی۔۔۔رحیم نے صاف صاف منع کر دیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امی سمجھ گئی تھی کہ کچھ تو ہوا ہے۔اسی لئے اس نے رحیم کا فون اٹھایا اور کمرے سے باہر آ کر اسکے فون میں دوستوں کے نمبر ڈھونڈ رہی تھی اور اچانک ایک نمبر پر نظر ڈالی تو اس نمبر کے آگے لکھا تھا(انیس فرینڈ)امی نے نمبر ملا کر خاموشی سے انیس کے آواز کا انتظار کر رہی تھی۔

ہیلو یار اب کیسا ہے تو دیکھ ٹینشن نہ لے یار کچھ ناکچھ ہو جائے گا اور ابھی تو صرف اسکی منگنی کی بات چل رہی ہے شادی نہیں ہوئ یار۔ہیلو کچھ تو بول۔۔۔فون کے دوسرے طرف انیس نے ایک سانس میں سب کچھ کہا۔

امی نے یہ سب سنا اور فون کاٹ دیا۔امی نے کمرے سے نکلتے ہی رحیم کے پاپا۔کو فون ملایا جو کہ لنڈن میں ایک معمولی سا ملازمت کر رہے تھے۔

ہیلو۔۔۔امی

جی اسلام و علیکم کیا ہو رہا ہے خیریت تو ہے نا ابھی کچھ دیر پہلے ہی ہماری بات ہوئی تھی پھر کیوں فون کیا۔۔۔پاپا حیران ہو کر

جی خیریت نہیں ہے۔۔۔امی نے ساری بات پاپا کو بتا دی اور کہا کہ اگر ایسا رہا تو رحیم بیمار ہو جائے گا اور اسکی صحت پر اثر پڑ سکتا ہے۔۔۔

پاپا نے بہت سوچنے کے بعد تین دن بعد کال کیا اور امی کو بتایا کہ یہ چند روز میں سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا اور ماموسے بات کر کہ رحیم کو اسلام اباد میں کسی کالج میں داخل کر دو اور ہاسٹل میں رہنے دو کچھ دنوں میں سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔

امی نے ٹھیک ویسا کیا اور رحیم۔کو اسلام آباد میں داخل کر دیا اپنے گھر سے بہت دور۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چلو بیٹا گاڑی آگئی سامان اٹھالو۔۔۔امی نے رحیم کے کمرے میں آ کر لائٹ آن کر کے کہا۔

جی امی۔۔۔رحیم نے موبائل جیب میں رکھتے ہوئے اپنا بیگ اٹھالیا۔۔

رحیم بیٹا اچھے سے رہو اور اپنا خیال رکھنا او کے۔۔۔امی نے رحیم کے سر کو چومتے ہوئے کہا۔

ہاسٹل بھیج کر اچھے سے رہنے کا کہہ رہی ہو ماں لگتا ہے اپ کبھی ہاسٹل نہیں گئی۔۔۔اپنی ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے رحیم بولا۔

بیٹا یہ تمہارے لئے بہتر ہے اور یہ پاپا نے کہا ہے میں کیا کر سکتی ہوں۔۔۔امی نے ایسا دکھایا کہ انہوں نے رحیم کے پاپا سے ہاسٹل کا نہیں کہا ہو۔۔۔

سب سمجھتا ہوں امی کوئی بچہ نہیں ہوں میں۔۔۔۔رحیم اپنے بیگ کو دیکھ کر کہہ رہا تھا۔

رحیم اب یہ تم بدتمیزی کر رہے ہو۔۔۔۔امی نے غصے میں کہا

کوئی نہیں امی تھوڑی دیر برداشت کر لیں پھر ویسے بھی جا رہا ہوں۔۔۔۔رحیم ایسے کہہ رہا تھا جیسے اس کا دل گھر سے بھر گیا ہو۔

کیا مطلب بیٹا ہم تمہیں ہمیشہ کے لئے تو نہیں بھیج رہے ہیں بس کچھ ہی دنوں کی تو بات ہے اور ویسے بھی مہینے میں آپکو تین دن کی چھٹیاں ملے گی تو ہر مہینے تم گھر آؤ گے۔۔۔امی نے رحیم کو سمجھاتے ہوئے کہا

غلط فہمی ہے آپکی امی۔۔۔۔رحیم یہ کہتے ہوئے اپنے کمرے سے نکل گیا اور جا کر گاڑی میں بیٹھ گیا۔

گاڑی روانہ ہوئی امی کو لگا کہ ہاسٹل جانے سے غصے میں یہ سب کہا اس نے کچھ دن گزر گئے تو واپس آئے گا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیٹا شہزادی کل پاپا کے ساتھ شاپنگ کے لئے چلی جانا منگنی کی ساری شاپنگ کر لو پھر بعد میں میرا سر نہیں کھانا۔۔۔شہزادی کی امی نے باہر چار پائی پر بیٹھتے ہوئے کہا

جی امی۔۔۔تکیے سے لپٹی ہوئی شہزادی نے اپنے کمرے سے جواب دیا۔

رحیم کی فون کی گھنٹی بجنے لگتی ہے۔۔۔

ہیلو انیس۔۔۔۔رحیم نے آہستہ سے کہا

اوے بھائی تجھے پتہ ہے کل میری بھائی کی شادی ہے کراچی میں انہوں نے مجھے دو ٹکٹیں بھیج دیں چل یار کراچی گھوم کر آتے ہیں۔۔۔انیس نے جوش سے کہا

نہیں یار میں اسلام آباد جا رہا ہوں ہاسٹل۔۔۔رحیم نے موبائل ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں پکڑ کر کہا

اوے تو اور ہاسٹل۔۔۔دماغ ٹھیک ہے نا تیرا۔۔۔انیس ہاسٹل کا نام سنتے ہی حیران ہو کر بولا۔

دماغ ٹھیک ہوتا تو محبت کرتا؟۔۔۔رحیم نے سوالیہ انداز میں کہا

چھوڑ نا یار تیری گاڑی ابھی بھی وہی کھڑی ہے یار تو بھول جا۔۔۔انیس رحیم کی یہ سن۔سن کے تنگ آ گیا تھا۔

جس دن تجھے عشق ہو گا نا اس دن بتاؤں گا

رحیم نے موبائل جیب میں رکھتے ہوئے ایک ٹھنڈی آہ بھری

ہاسٹل بھیج کر غلط تو نہیں کیا ہم نے۔رحیم کی ماں رحیم کے پاپا سے پوچھ رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Meri Bachpan ki Muhabbat| By Rahim Rahi (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے کچھ نہیں دو دن میں ٹھیک ہو جائے گا آجکل کے لڑکے ایسے ہی ہے۔ پاپا جی بہت مطمئین لگ رہے تھے۔

شہزادی کی منگنی کا دن تھا سب سہیلیوں نے شہزادی کو تیار کیا وہ اسے لگ رہی تھی جیسے چاند زمین پر اتر آیا ہو مگر چاند کے چہرے پر ہنسی اور خوشی کا کوئی نام و نشان نہیں تھا۔

وقت گزرنے لگا دن ہفتے مہینے اور پھر سال ہوئے۔

رحیم اب بی ایس سی کر رہا تھا مگر ان تین سالوں میں نا تو رحیم کو کسی نے دیکھا نا ہی رحیم سے کسی نے بات کی ۔رحیم کے دل میں اب تک وہی ضد تھا اور اج تک وہ گھر نہیں گیا نا ہی پاپا امی سے کال پر بات کی۔ گورا رنگ اب کالا ہونے لگا تھا بدن پتلا ہوا تھا اور تین سال پہلے جو کپڑے گھر سے لیکر آیا تھا وہی استعمال کر رہا تھا وہ الگ بات ہے کہ کپڑے اب پھٹے ہوئے تھے جگہ جگہ سے مگر رحیم کو کیا فرق پڑتا تھا وہ تو ہاسٹل میں سارا دن گزارتا تھا کمرے میں اکیلا تھا نا کسی سے بات کرتا تھا اور نا ہی کسی کی بات سنتا تھا۔

رحیم آپکے والد صاحب کا فون ہے بات کرو۔ وارڈن نے رحیم کو موبائل دیا۔

رحیم نے موبائل کان سے لگا کر خاموشی سے انتظار کرنے لگا

ہیلو بیٹا میں جانتا ہوں کہ تم ہم سے ناراض ہو مگر یہ کوئی بات نہیں ہوئی کہ تم تین سال سے نا گھر جا رہے ہو نا ہی امی اور میرا فون اٹھا رہے ہو۔ پاپا جی رحیم کو سمجھاتے ہوئے۔

جب رحیم کی منہ سے ایک لفظ نہیں نکلا تو پاپا جی پھر بولنے لگے۔ دیکھ بیٹا میں کل چھٹی پر پاکستان آرہا ہوں اگر آپ نے مجھ سے ملنے کے لئے آنا ہے تو میں بتاؤں وارڈن کو کہ آپکو کچھ دن کے لئے گھر بھیج دیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رحیم ناچاہتے ہوئے بول پڑا۔پاپا مجھے نہیں آنا۔۔۔۔۔اور ہاں اپکا وارڈن آپکے لئے بڑا چیز ہو گا جس دن مجھے یہاں سے جانے کا دل کیا نا تو میں نا وارڈن سے پوچھنے والا ہوں نا وارڈن سے ڈرنے والا۔مجھے یہاں بھیجنا اپکا فیصلہ تھا مگر اب یہاں سے جانانا جانا کب جانا کس کو بتانا اور کہاں جانا یہ میرا فیصلہ ہو گا اللہ حافظ۔رحیم نے یہ کہتے ہوئے فون کاٹ دیا۔

کسی کو یقین نہیں آرہا تھا کہ کیا یہ وہی رحیم ہے جو ہر بار پاپا سے ملنے ائر پورٹ جانے کا ضد کرتا تھا۔ہر مہینے ایک نیا سوٹ خریدا کرتا تھا۔جو بات بات پر مستی کرتا تھا۔جو کبھی گھر سے باہر دو دن بھی رہتا تھا۔اب دیکھو کتنا بدل گیا ہے۔

سال کا آغاز ہونے والا تھا رحیم کو انیس کا میسج آیا (کل سے نیا سال ہے نئی زندگی کا آغاز کرلو اور یہ نیا سال آپکو بدلنے آیا ہے۔سال 2019 مبارک)

رحیم نے مسکراتے ہوئے جواب دیا (مجھے پرواہ نہیں کسی کی) اور موبائل رکھتے ہوئے اپنے روم سے کینٹین کی طرف گیا۔

ایک تیز چائے دے دو چاچا۔

بیٹا نیا آئے ہو کیا؟ چاچا نے رحیم کو اوپر سے نیچے تک دیکھا اور کہا۔

نہیں چاچا چار سال مکمل ہونے والے ہے میرے یہاں۔رحیم مسکرا کر بولا

لیکن میں نے کبھی نہیں دیکھا آپکو۔چاچا حیران ہو کر۔

ہاں میں پہلی بار کینٹین آیا ہوں۔رحیم نے سر ہلاتے ہوئے کہا۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Meri Bachpan ki Muhabbat| By Rahim Rahi (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا بیٹا یہ لو چائے۔ چاچا نے چائے کا کپ رحیم کو دیا۔

رحیم آپکے والد آئے ہیں آپ سے ملنے جلدی آپس آؤ۔ وارڈن نے دور سے کہا۔

جی سر۔ رحیم آدب سے۔

اسلام و علیکم پاپا۔ رحیم نے اپس میں داخل ہوتے ہی سلام کیا۔

وعلیکم سلام بیٹا کیسے ہو۔ پاپا جی کے آنکھوں میں آنسو آ گئے جیسے صدیوں بعد اپنے بیٹے کو دیکھا ہو۔

جی میں ٹھیک اپ کیسے ہو۔۔ رحیم نے مسکراتے ہوئے کہا

کیسے ٹھیک ہو یہ کیا حال بنایا ہوا ہے یہ کیا ہوا ہے تمہیں اتنے پتلے کیسے ہو گئے یہ بال اتنے لمبے ہے کاٹ کیوں نہیں دیتے ۔۔۔ پاپا نے آن گنت سوال پوچھے مگر رحیم کے طرف سے کوئی جواب نہیں ملا۔

چلو اپنا بیگ تیار کرو میں تمہیں لینے آیا ہوں۔۔۔ پاپا تھوڑے غصے میں۔

نہیں پاپا میں نے ابھی نہیں جانا۔ رحیم سر جھکا کر۔

بیٹا آپکی پڑھائی پوری ہوئی وارڈن صاحب نے مجھے کہا کہ اب اسے گھر لے جائے کیونکہ نئے سٹوڈنٹس انے والے ہے انکو روم چاہیے۔ پاپا نے دونوں ہاتھ رحیم کے کندھوں پر رکھ کر کہا۔

لیکن۔۔۔۔۔

رحیم بولنے ہی والا تھا کہ پاپا نے اسکے منہ پر ہاتھ رکھ کر کہا

باقی باتیں گھر میں۔ چلو جلدی دس منٹ میں تیار ہو جاؤ شاباش جلدی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ناچاہتے ہوئے رحیم اپنے روم میں گیا اور اپنا بیگ اٹھا کر آیا۔

یہ کیا میں نے تمہیں تیار ہو جاؤ کہا اور تم ایسے ہی منہ اٹھا کر آئے۔۔۔ پاپا نے جب رحیم کی بری حالت یعنی بکھرے ہوئے بال پرانے کپڑے اور اترا ہوا چہرہ دیکھا تو کہنے لگے

گھر جاتے ہوئے پورے راستے پر رحیم کے آنکھوں سے آنسو نکل رہے تھے اور وہ کسی سوچ میں گم تھا۔

خاموشی ہی خاموشی تھی نا باپ کچھ کہہ رہا تھا نہ بیٹا۔

رحیم کے دماغ میں بہت کچھ چل رہا تھا جسکی تصویر کشی اسکے آنکھوں میں آنسو بن کر اسکے آنکھوں کو نم کر رہی تھی۔

کچھ گھنٹے یہی منظر رہا اور پھر اچانک گاڑی روکی رحیم اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے شیشے سے باہر اپنے گھر کو دیکھ کر سکون محسوس کر رہا تھا۔

گاڑی سے اترو بیٹا گھر آگیا ہے۔

پاپا جی اپنے سیٹ بیلٹ کھولتے ہوئے بولے۔

جی۔۔۔اہستہ سے رحیم کے ہونٹوں نے حرکت کی۔

گاڑی سے اتر کر رحیم اپنے گھر کے دروازے سے جیسے ہی اندر گیا تو امی نے اسے بہت زور سے گلے لگایا گویا جیسے کئی ہزار سال پہلے یہ دونوں الگ ہوئے تھے۔امی نے تقریبا 10 منٹ تک رحیم کو گلے سے لگائے رکھا اور پاگلوں جیسے روتی رہی۔

اس دن ممتا کا پیار پورا دیکھا جا سکتا تھا منظر ایسا تھا کہ پتھر دل انسان بھی موم بن جائے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ لمحوں کے لئے گھر میں صرف سسکیاں سنائی دے رہی تھی۔

امی کو رحیم سے لا کھ گلے تھیں اور رحیم کو امی سے مگر ایک دوسرے کے کے آنسو دیکھ کر سب کچھ بھول گئے۔

چلو بیٹا تم نہالو میں کھانا لگاتی ہوں۔

امی اپنے آنکھوں کو اپنے چادر سے صاف کرتے ہوئے بولی۔

جی

۔رحیم کمرے میں جاتے ہوئے بولا۔

کچھ دیر پہلے جس گھر میں خاموشی تھی اب وہاں جیسے عید کا چاند نظر آگیا تھا مگر چاند یعنی رحیم کے چہرے پر وہ پہلی والی ہنسی اور خوشی دور دور تک نہیں تھی۔

اندر کمرے میں چار جر پر لگے ہوئے رحیم کے فون کی گھنٹی بجنے لگی تو رحیم نے ان سنی کر کے کھانا کھاتا رہا۔

تقریباً ایک گھنٹے بعد جب رحیم نے فون اٹھایا اور دیکھا تو اس پر ایک انجان نمبر سے 5 مس کالز اور تین میسجز تھے۔

رحیم نے بے چینی سے میسجز کھولے

(رحیم)

(اگر مل سکتے ہو تو آج ایک بار ملنے آؤ امفور ٹینٹ بات کرنی ہے)

(اج شام پیزا ہاؤس میں)

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

۔یہ تین میسجز جسے ہی رحیم نے پڑھے تو اسکے بدن میں جیسے سانس دوبارہ آگئی ہو اور وہ سوچنے لگا کہ کون ہو گا اور کیا کام ہو گا۔

میسج پر بتائے ہوئے جگہ اور وقت پر رحیم پہنچا۔

اس پاس نظر ڈالی مگر کوئی پہچان والا نظر نہیں ایا۔

تقریبا کچھ 30 منٹ تک رحیم ایک بینچ پر بیٹھ کر انتظار کرتا رہا۔

بار بار یہی سوچ رہا تھا کہ کون ہو گا یا کسی دوست نے میرے ساتھ مذاق تو نہیں کیا۔

رحیم آخر کار امید ہار گیا اور اٹھ کر چلنے لگا۔

جیسے ہی وہ گیٹ پر پہنچا سامنے اسکی نظر شہزادی پر پڑی جو پینک ڈریس میں پیزا ہاؤس کی طرف آرہی تھی۔

رحیم نے موبائل نکلتے ہوئے کال پر بات کرنے کی ایکٹنگ کی اور ایک سائڈ پر چھپ گیا۔

شہزادی نے گھبرا کر یہاں وہاں دیکھا اور جا کر ایک سیٹ پر بیٹھ گئی۔

رحیم نے جب یہ سب دیکھا تو اسے یقین ہو گیا کہ وہ میسج شہزادی نے کیا تھا۔

کچھ ہمت کر کے رحیم بھی پیزا ہاؤس میں داخل ہوا۔

واٹ آ سرپرائز رحیم نے حیران ہونے کی ایکٹنگ کی۔

بس کیا کرے اتنے سالوں میں اپ نے پوچھا نہیں ہمارا تو ہم ہی ملنے آئے شہزادی نے ایک ہاتھ سے اپنے بالوں کو چہرے سے ہٹاتے ہوئے کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سو سویٹ ویسے آئی ایم سوری میں بہت لیٹ ہوا آپکو انتظار کرنا پڑا رحیم نے یہ بات چھپاتے ہوئے کہا کہ وہ کافی دیر سے شہزادی کا انتظار کر رہا تھا۔

نہیں ایٹس اوکے شہزادی نے دل بڑا کر کے رحیم کو معاف کر دیا حالانکہ انتظار رحیم نے کیا تھا۔

اچھا یہ تمہیں کیا ہوا ہے کتنے پتلے ہوئے ہو اور یہ کیا حالت بنائی ہے بالوں کی شہزادی نے حیران ہو کر رحیم سے لگاتار سوال پوچھے۔

اب اپ سے کیا چھپانا اور پھر رحیم نے اپنی اپ بیتی بتائی کہ کیسے وہ 3 سال تک کسی سے نہیں ملا اور کیسی حالت تھی اسکی۔

پاگل ہوئے ہو کیا ایسا کیوں کیا سوالیہ نظروں سے شہزادی نے پوچھا۔

بے انتہا پیار جو کرتا ہوں تجھے رحیم نے شہزادی کے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر آخر کہہ دیا۔

کرتا ہوں مطلب ابھی بھی شہزادی پھر سے سوالیہ نظروں سے رحیم کو دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی۔

میری ہر رات کی آخری سوچ میرے ہر صبح کی پہلی سانس میرے ہر دھڑکن اور میرے ہر غم میں شامل ہو تم تمہارے بعد میں نے ایک خوشی نہیں دیکھی کیسے بھول جاؤں تمہیں تم کیسے سوچ سکتی ہو کہ میں ابھی تم سے پیار نہیں کرتا یہ الفاظ کہتے کہتے رحیم کے آنکھوں میں آنسو آ گئے اور اسکے ہاتھ کانپ رہے تھے۔

شہزادی یہ سب سن کر بہت ایموشنل ہو گئی تھی۔

ارے چھوڑو یار میں بھی نا اتنے دن بعد ملے اور میں یہ بکواس کر کے آپکو سینٹی کر رہا ہوں

کونسا پیزا آرڈر کروں؟ رحیم نے آنسو صاف کرتے ہوئے پوچھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو تمہیں پسند ہو شہزادی نے بنا سوچے جواب دیا۔اور بتاؤ شادی ہوئی یا ابھی تک منگنی میں پڑی ہو رحیم مسکراتے ہوئے پوچھنے لگا۔

نہیں ابھی تک نہیں لیکن بہت جلد ہونے والی ہے اسی لئے تمہیں آخری بار ملنے آئی شہزادی نے آنکھیں جھکا لئے جیسے وہ رحیم کی محبت کے آگے شرمندہ ہو۔

اچھا چلو ہمیں پھر دعوت دینا جب کرو گی تو رحیم خوش دکھا کر کہہ رہا تھا۔

سہہ پاؤ گے میری ڈولی کسی اور کے گھر جاتے ہوئے شہزادی نے یہ سوال پوچھ کر جیسے رحیم کو ماضی کی ہر بات یاد دلائی ہو

۔رحیم جواب دینے کے قابل تو نہیں تھا البتہ ہلکی سی مسکراہٹ دیتے ہوئے خاموش رہا

۔کیسے مسکرا لیتے ہو اتنا سب کچھ سہنے کے باوجود شہزادی سوچ میں پڑ کر رحیم سے پوچھنے لگی۔

جھوٹی مسکراہٹ ایک دم سے رحیم کے چہرے سے غائب ہو گئی اور اداسی نے اس خوشی کی جگہ لے لی

۔خاموش ڈرا ہوا سہما ہوا غموں سے مار کھایا ہوا اور محبت کے ہاتھوں ہارا ہوا رحیم سر جھکا کر بیٹھا تھا۔

مجھے پتا ہے تم ٹوٹ چکے ہو اندر سے مگر خوش ہونے کی ایکٹنگ کر رہے ہو شہزادی نے رحیم کے گال پر پیار سے ہاتھ رکھ کر کہا۔

ٹوٹا ہوا ہوں اور ایسا ٹوٹا ہوا ہوں کہ میرے بکھرے ہوئے ٹکڑے سمیٹنے کے لیے خدا کو خود آنا پڑے گا کیونکہ یہ انسانوں کے بس کی بات نہیں رہی اب رحیم واقعی ٹوٹ کر رونے لگا تھا مگر خود کو کیسے روکے رکھا اللہ ہی جانے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بدل جاؤ اپنی زندگی کے لیے شہزادی بے بس ہو کر بولی

۔بدل جاؤں گا رحیم ہاں کے لیے سر ہلاتے ہوئے بولا۔

وعدہ کرو شہزادی نے ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا۔

وعدہ ہے رحیم نے وعدے کے لئے ہاتھ ملایا۔

مگر مرنے کے بعد ہاتھ چھوڑتے ہوئے رحیم بول پڑا۔

الفاظ ایسے تھے کہ شہزادی کے پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی۔

پیزا آگئی تھی اور دونوں خاموشی سے ایک دوسرے کے بولنے کے انتظار میں کھاتے رہے۔

تو یہ آپکی آخری فیصلہ ہے شہزادی نے پوچھا

۔ہاں اور تم میری فکر مت کرو بس خوشی سے اپنے شوہر سے وفا کرنا میں بچھڑ کر خوش ہوں کیونکہ صرف پا لینا محبت نہیں کھو لینے کو بھی عشق کہتے ہیں رحیم نے آخری الفاظ کہہ کر وہاں سے اٹھا اور بیل دے کر گھر کی طرف لوٹا۔

شہزادی آنکھوں میں آنسو لئے تب تک رحیم کو دیکھتی رہی جب تک وہ وہاں سے غائب نا ہوا۔

سال بعد رحیم آرمی میں باڈر پر لڑتے لڑتے شہید ہوا اور شہزادی کی شادی اسی رات ہوئی ۔ 6

the end

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Meri Bachpan ki Muhabbat| By Rahim Rahi (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel